DAWN THURSDAY SEPTEMBER 25, 2025

# Court strikes down MCI's 2024 property tax notification

By Malik Asad

ISLAMABAD: The Islamabad High Court (IHC) on Wednesday struck down the Metropolitan Corporation Islamabad's (MCI) property tax notification of January 23, 2024, declaring it legally unenforceable.

The court held that the civic authority could only recover property tax at pre-2018 rates until a valid notification is issued strictly in accordance with law.

Justice Mohsin Akhtar Kayani, while allowing a set of writ petitions, ruled that the impugned notification had never been published in the official gazette and, therefore, carried no binding force.

The court observed that the statutory requirement of gazette publication is essential for a notification to have legal effect and in its absence, the tax demands raised under the January 2024 notification could not be sustained.

The petitions were filed by Muhammad Munir Ahmed Chaudhary through Advocate Ahmed Hasan Rana, who challenged the legality of the tax notices served on property owners in the federal capital under the disputed notification.

During Wednesday's proceedings, Mr Rana moved an application under Section 94 of the Civil Procedure Code (CPC) and presented before the court an order dated June 26, 2025, in which MCI officials themselves admitted that the January 2024 notification had been issued only in draft form and had never attained the status of a formal notification.

On this admission, Justice Kayani struck down the tax demands, terming them without lawful authority and of no legal consequence.

It may be recalled that earlier, on June 4, 2024, the IHC had suspended the enforcement of the impugned notices as an interim measure and directed that property owners continue depositing taxes at the pre-existing rates.

The court had also ordered that those who were being included in the tax net for the first time deposit half of the assessed liability as a measure of good faith, pending adjudication of the petitions.

The question of property taxation in Islamabad has been a recurring source of litigation for several years.

In December 2020, the IHC had already declared the Capital Development Authority's (CDA) 2018 property tax notification unlawful.

In that judgment, the court held that under the Islamabad Capital Territory (ICT) Local Government Act, 2015, only the MCI was empowered to levy property tax.

The law mandated the corporation to first publish taxation proposals, invite objections from stakeholders and hold public hearings before finalising any levy.

The court further ruled that the CDA had no legal competence to impose or recover property tax, thereby shifting the authority exclusively to the MCI.

Despite these clear judicial directions, the matter has continued to resurface owing to procedural lapses and overlapping administrative claims between CDA and MCI. The January 2024 notification was another attempt that, according to the court, failed to meet statutory requirements, thereby perpetuating the longstanding uncertainty over property taxation in the capital.

Following Wednesday's verdict, the MCI now stands confined to recovering property tax only in those areas of Islamabad where the levy was applicable prior to 2018.

Consequently, newly developed localities, such as Chak Shahzad and Sector E-11, which were brought under the tax net through subsequent notifications, have been excluded from liability until a fresh, valid notification is issued in accordance with law.

In addition, in connected proceedings dealing with the broader scope of municipal authority, the IHC has already barred the MCI from enhancing property tax rates until the next round of local government elections is conducted.

Justice Kayani underscored that the previous rates would remain operative until an elected local government is in place to exercise the powers conferred under the ICT Local Government Act, 2015.

4

DAWN THURSDAY SEPTEMBER 25, 2025

# Loan scheme for affordable housing

## Mera Ghar — Mera Ashiana offers loans up to Rs3.5m

By Shahid Iqbal

KARACHI: The federal government has introduced a subsidised housing financing scheme aimed at helping Pakistanis from middle and lower-income groups build or purchase affordable homes.

The initiative, named "Mera Ghar — Mera Ashiana," was outlined in a circular sent by the State Bank to banks, Housing Building Finance Corporation (HBFCL), and microfinance banks (MFBs) on Wednesday.

The scheme seeks to address the growing housing affordability crisis, which has worsened over the last five years due to escalating property prices. A small house in Karachi, for example, now costs no less than Rs10 million, making homeownership increasingly out of reach for most Pakistanis.

Rising property prices, driven by the inflow of black money and speculative investment, have particularly impacted the middle and lower-middle classes. Another dark side of this problem is that the government never intervened to check the property prices, which skyrocketed over the decade.

Under the new scheme, eligible applicants can access financing for the purchase of a house, construction of a home on an existing plot, or the purchase of a plot followed by construction. The scheme targets homes of up to 5 marlas or flats/apartments up to 1,360 square feet (equivalent to 120 square yards).

The financing is divided into two tiers: Tier-1, for loans up to Rs2m, and Tier-2, for loans ranging from Rs2m to Rs3.5m. The loan term can extend to 20 years, with a subsidy on the markup for the first 10 years. The participating banks will charge interest based on the one-year Karachi Interbank Offered Rate (KIBOR) plus a 3pc margin, but there will be no processing fees or prepayment penalties.

To qualify, applicants must be first-time homebuyers, Pakistani citizens, and must not own any property in their name. The loan-to-value (LTV) ratio is set at 90:10, with the government covering 10pc of the portfolio risk on a first-loss basis.

The scheme aims to ease the financial burden on low-income buyers, offering fixed pricing of 5pc for Tier-1 and 8pc for Tier-2. The State Bank has directed participating financial institutions (PFIs) to effectively communicate the details of the scheme and implement the necessary systems to ensure its smooth rollout and prevent misuse.

A mechanism for the payment of markup and credit loss subsidies will be communicated in due course.This initiative is part of the government's broader efforts to address the country's chronic housing shortage, particularly for underserved segments of the population.

9

DAWN THURSDAY SEPTEMBER 25, 2025

# NAB starts online transfer of recovered money into victims' accounts

By Syed Irfan Raza

ISLAMABAD: Taking a step towards digitalisation and facilitate victims of fraud cases, the National Accountability Bureau (NAB) has devised a system for disbursing their recovered money from the fraudulent through online.

"Addressing difficulties faced by victims of various financial scams in receiving their amounts, NAB has decided to transfer recovered funds to victims online," says an official press release issued by the NAB headquarters on Wednesday.

The new payment system was launched at a ceremony presided over by NAB chairman retired Lt-Gen Nazir Ahmed. In the first phase, recovered funds were directly transferred online to victims of the B4U fraud.

The NAB chief himself initiated the online transfer of funds directly into the bank accounts of victims.

In the past, NAB used to return money to a limited number of victims at a time via pay orders, a time-consuming process that required victims to physically visit NAB offices to receive their money. Now, NAB has completely digitised this process so that funds can be transferred directly to the victims' bank accounts, eliminating the traditional, time-consuming method, the press release said.

At the ceremony, NAB Islamabad/ Rawalpindi region transferred Rs878.709 million to accounts of 5,008 victims of the B4U fraud in a single day

NAB began its investigation into the B4U fraud in Feb 2021 based on complaints from the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) and the victims.

The investigation has now been completed after which the accused have admitted a liability of Rs7.3 billion, of which an initial amount of Rs3.7 billion has been recovered and it is being distributed among 17,250 victims. The remaining amount will be distributed among victims after its recovery.

5

**Business Recorder, Karachi**
Thursday, September 25, 2025

# Govt launches scheme to promote affordable housing finance

**RIZWAN BHATTI**

KARACHI: In a bid to boost affordable housing in the country, the government of Pakistan has introduced a new Markup Subsidy and Risk Sharing Scheme under the title "Mera Ghar-Mera Ashiana" for Affordable Housing Finance.

The initiative is aimed at enabling first-time homeowners to purchase or build small housing units at subsidised rates through participating banks and financial institutions.

According to State Bank of Pakistan (SBP), the scheme will cover the purchase of houses, flats, and plots, as well as construction of homes on already owned land. The maximum size of a unit eligible under the scheme is a house of up to 5 marla or a flat/ apartment of up to 1,360 square feet.

As per eligibility criteria, only Pakistani citizens holding valid CNICs who do not already own a housing unit in their name can benefit from the facility and buying a first house or flat/ apartment. Under the scheme the applicant can apply for purchase of house up to 5 marla or flat up to 1,360 square feet or construction of house on already owned plot or purchase of plot and construction of house.

The maximum loan size has been divided into two tiers. As per details, under the Tier 1 (T1) financing up to Rs 2 million will be provided, while under the Tier 2 (T2) financing above Rs. 2 million and up to Rs. 3.5 million.

The loans will be available for a tenor of up to 20 years, with the government offering markup subsidy for the first 10 years. End users will pay a fixed markup of 5 percent under Tier 1 and 8 percent under Tier 2, while the bank price will be one-year KIBOR plus 3 percent. As

> P 10 Col 7

## Govt launches scheme

> from page 1

per procedure, no processing costs or prepayment penalties will be charged to customers. Loans will be provided on a 90:10 Loan-to-Value (LTV) ratio, meaning borrowers will contribute 10 percent equity. The government will also provide risk coverage of 10 percent of the outstanding portfolio under the scheme on a first-loss basis.

All commercial banks, Islamic banks, microfinance banks (MFBs), and the House Building Finance Company Limited (HBFCL) have been designated as participating financial institutions (PFIs). They have been instructed to widely disseminate information about the scheme through their branch networks and ensure smooth implementation while preventing misuse.

The mechanism for disbursement of markup and credit loss subsidy will be announced in due course.

It may be mentioned here that previously, an affordable housing finance scheme titled "Mera Pakistan Mera Ghar" was suspended in June 2022, by the federal government to cut the subsidy expenditures and since then. However, in order to support the construction sector and affordable housing, a new scheme has been launched. The federal government has already allocated Rs 5 billion in the budget FY26 for a mark-up subsidy under a low-cost housing scheme.

**The News** International, Karachi, Thursday, September 25, 2025

# RDA continues crackdown on illegal housing schemes

**Rawalpindi**

On the directions of Director General Rawalpindi Development Authority (RDA), Kinza Murtaza, the RDA Task Force has launched major operations against illegal housing schemes and unauthorised constructions.

In a recent operation against an illegal housing scheme, sealed the site office, and lodged a First Information Report (FIR) against the scheme's owners.

According to an RDA spokesperson, this operation is being carried out under the supervision of the DG RDA Kinza Murtaza. She stated that operations against all illegal societies will continue rigorously to prevent fraud and exploitation of citizens through illegal housing schemes. She emphasized that complaints from the public regarding illegal occupation of land by housing schemes owners have been noted, and strict actions will be taken against those resorting to forceful land grabs. — APP

روزنامہ جنگ کراچی جمعرات 25 ستمبر 2025ء

## اسلام آباد ہائیکورٹ، پراپرٹی ٹیکس میں اضافے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں پراپرٹی ٹیکس میں اضافے اور بعض نئے علاقوں میں پراپرٹی ٹیکس کے نفاذ سے

باقی صفحہ 4 نمبر 23

**بقیہ** پراپرٹی ٹیکس/کالعدم قرار **23**

متعلق میٹروپولیٹن کارپوریشن کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے دیا۔ درخواست گزاروں نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے 23 جنوری 2024 کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا تھا۔ گزشتہ روز اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے اسلام آباد میں پراپرٹی ٹیکس میں اضافے کے خلاف منیر چوہدری اور احمد حسن رانا کی درخواستیں منظور کرلیں۔

روزنامہ امت کراچی ۲۵ ستمبر ۲۰۲۵ء

اسلامی نظریاتی کونسل

# ودہولڈنگ ٹیکس غیر شرعی قرار دیکر فیصلہ واپس

## اگلے اجلاس میں بحث کی جائیگی-اعلامیہ-انجینئر علی مرزا گستاخی کے ملزم قرار-ملک بینک قیام کی مشروط اجازت

اسلام آباد (امت نیوز) اسلامی نظریاتی کونسل نے ودہولڈنگ ٹیکس کو غیر شرعی قرار دے کر فیصلہ واپس لے لیا۔ کونسل نے معروف یوٹیوبر انجینئر محمد علی مرزا کو گستاخی کا ملزم قرار دیتے ہوئے سخت تعزیری سزا کا مستحق قرار دیا۔ کونسل نے دیت کے قانون میں پیش کردہ ترمیمی بل سے اتفاق نہیں

(باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 22)

بقیہ نمبر 22 | نظریاتی کونسل

کیا۔ غیر مدخولہ عورت سے متعلق عدالتی فیصلے پر تحفظات ظاہر کیے، جب کہ ہیومن ملک بینک بنانے کی مشروط اجازت دے دی۔ اسلامی نظریاتی کونسل کا اجلاس چیئرمین علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی کی زیر صدارت ہوا، جس میں اراکین کونسل جسٹس (ر) ظفر اقبال چوہدری، ڈاکٹر عبدالغفور راشد، صاحبزادہ پیر خالد سلطان قادری، محمد جلال الدین ایڈووکیٹ، حافظ طاہر محمود اشرفی ودیگر نے شرکت کی۔ کونسل نے اپنے پہلے اعلامیے میں رقم منتقلی یا نکالنے پر ودہولڈنگ ٹیکس کو زیادتی اور غیر شرعی قرار دیا، تاہم کچھ دیر بعد کونسل نے ودہولڈنگ ٹیکس پر وضاحت جاری کردی۔ کونسل نے تصحیح نامہ کے عنوان سے وضاحت جاری کی، جس میں کہا ہے کہ اجلاس کے حوالے سے یہ تاثر سامنے آیا ہے کہ کونسل نے ودہولڈنگ ٹیکس کے بارے میں حتمی رائے قائم کرلی ہے۔ حقیقتاً چند اراکین نے اس پر ابتدائی بحث کی اور جس میں اراکین کے آراء مختلف تھیں۔ اراکین نے اگلے اجلاس میں ماہرین سے مشاورت کرنے کا کہا، چنانچہ فیصلہ ہوا تھا کہ کونسل کے آئندہ اجلاس میں اس پر سیر حاصل بحث کی جائے اور متعلقہ ماہرین سے رائے لی جائے، زیرِ بحث مسئلے پر کونسل کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ اس حوالے سے راغب نعیمی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ودہولڈنگ ٹیکس کے معاملے پر اگلے اجلاس میں دوبارہ غور کریں گے۔ ودہولڈنگ ٹیکس کا معاملہ اجلاس کا آخری ایجنڈا آئٹم تھا۔ اجلاس کے دوران کھانے کے وقفے پر متعدد ارکان چلے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ کونسل کے متعدد ارکان ودہولڈنگ ٹیکس کے خلاف تھے۔ نوٹ لینے والے عملے نے سمجھا کہ ودہولڈنگ ٹیکس کو غیر شرعی قرار دیا گیا۔ اجلاس میں معروف مذہبی اسکالر انجینئر محمد علی مرزا کو گستاخی کا ملزم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مرزا محمد علی کے بیانات کسی شرعی مقصد کے بغیر کہے گئے۔ نقلِ کفر پر مبنی بیانات کی بنا پر انجینئر مرزا سخت تعزیری سزا کے مستحق ہے۔ کونسل نے فیصلہ دیا کہ انجینئر مرزا کا بیان فساد فی الارض کو پھیلانے کا باعث ہے۔ اس لیے پاکستان کی مسیحی برادری کو ایک مراسلہ بھیجا جائے گا کہ وہ تحریری طور پر واضح کریں کہ مرزا محمد علی انجینئر نے شانِ رسالت مآب ﷺ کے بارے میں جو الفاظ کہے ہیں۔ کیا ان کی مقدس کتابوں میں اور اجتماعی طور پر ان کی یہ رائے ہے کہ نہیں۔ ان کے جواب کے بعد ہی تفصیلی فیصلہ مرتب کیا جائے گا۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ اسلامی نظریاتی کونسل نے دیت کے قانون میں پیش کردہ ترمیمی بل سے اتفاق نہیں کیا۔ اجلاس میں شوگر کے لیے خنزیر کے اجزا پر مشتمل انسولین پر فیصلے میں کہا گیا کہ حلال اجزا والی انسولین کے دستیاب ہونے پر خنزیر کے اجزا پر مشتمل انسولین سے پرہیز کیا جائے۔ کونسل نے قرار دیا کہ انسانی دودھ کے ذخیرہ کرنے والے ادارے مخصوص شرائط کے تحت قائم ہوسکتے ہیں، لیکن مفاسد سے بچاؤ کے لیے پہلے لازمی قانون سازی کی جائے اور اس میں کونسل کو شامل کیا جائے۔ کونسل نے 11 ستمبر 2025 کے سپریم کورٹ کے 2 رکنی بینچ کے فیصلے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غیر مدخولہ عورت کو طلاق کی صورت میں عدت اور نفقہ لازم قرار دینا قرآن وسنت کے خلاف ہے۔

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ جمعرات، 25 ستمبر، 2025ء

# اب کمزور لوگوں کی زمینوں پر قبضہ نہیں ہوگا، مریم نواز

## عدالتیں بنانے کا اعلان، قبضے کے ہر کیس کا فیصلہ 90 دن میں لازمی قرار دیا جائیگا

### ناجائز قابضین کو جرمانہ، 10 سال قید کی تجویز، پیرا کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت

لاہور (نمائندہ ایکسپریس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت کی۔ پیرافورس کے انفورسمنٹ اور انویسٹی گیشن آفیسر کی ٹریننگ مکمل ہونے پر پاسنگ آؤٹ کی پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں وزرا، ارکان اسمبلی، افسران، جوان اور انکے اہل خانہ نے بھی شرکت کی۔ وزیراعلیٰ نے پولیس ٹریننگ کالج چوہنگ میں پیرا فورس کا پاسنگ آؤٹ میں جنرل سلامی لی اور جیپ پر سوار ہو کر پریڈ کا معائنہ کیا۔ (باقی صفحہ 3۔ نمبر 8)



وزیراعلیٰ مریم نواز پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی پاسنگ آؤٹ کا معائنہ کر رہی ہیں

**8 مریم نواز شریف**

وزیراعلیٰ نے پیرا فورس کے جوانوں سے انصاف، شفافیت اور دیانتداری پر حلف لیا۔ وزیراعلیٰ نے پیرا ٹریننگ کے دوران نمایاں کارکردگی پر میڈل اور اعزازات تقسیم کیے۔ وزیراعلیٰ نے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کی تقریب میں خطاب کیا اور اہم اعلانات کیے۔ وزیراعلیٰ نے یتیموں، بیواؤں اور غرباء کی زمینوں پر قبضے کے خاتمے کیلئے نئی قانونی سازی کا اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ نے قبضے کے مقدمات کے فیصلے کیلئے خصوصی عدالتیں قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ نئی قانونی سازی میں قبضے کے ہر کیس کا فیصلہ 90 دن کے اندر لازمی قرار دیا جائیگا، ناجائز قابضین کو جرمانہ اور 10 سال قید کی تجویز پیش کی جائیگی۔ مریم نواز شریف نے پیرا فورس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں اب بے کس اور مجبور لوگوں کی زمینوں پر قبضہ نہیں ہوگا، کمزور لوگوں کی زمینوں پر قبضے کرنے والے اپنے انجام کو پہنچیں گے۔

روزنامہ دنیا کراچی، جمعرات 25 ستمبر 2025ء

# پورٹ قاسم کی اراضی خالی کرانے کیلئے آپریشن، گھر مسمار

## رزاق آباد کے قریب کارروائی کے دوران رہائشیوں اور عملے کے درمیان جھڑپیں

## قبضہ مافیا نے سیلاب متاثرین کی آڑ میں سرکاری زمین پر قبضہ کیا، امیر علی میرانی

کراچی (رپورٹ: آغا طارق) ڈپٹی کمشنر ملیر سلیم اللہ اوڈھو کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ابراہیم حیدری کی سربراہی میں پولیس، رینجرز اور اینٹی انکروچمنٹ عملے نے رزاق آباد کے قریب پورٹ قاسم کی زمین خالی کرانے کے لیے کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران متعدد گھروں کو مسمار کر دیا گیا جبکہ رہائشیوں اور عملے کے درمیان جھڑپیں بھی ہوئیں۔ پورٹ قاسم اتھارٹی کے مطابق وہ زمین خالی کرائی گئی ہے جس پر 2010ء میں آنے والے سیلاب متاثرین کو بسایا گیا تھا۔ اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر ابراہیم حیدری امیر علی میرانی نے صحافیوں کو بتایا کہ 2010ء میں سندھ حکومت نے سیلاب متاثرین کے لیے پورٹ قاسم کی زمین پر عارضی ٹینٹ سٹی قائم کی تھی، جس کے بعد قبضہ مافیا نے سیلاب متاثرین کی آڑ میں سرکاری زمین پر قبضہ کر لیا۔ اس زمین کو خالی کرانے کے لیے کارروائی کی گئی ہے، جبکہ یہ زمین پورٹ قاسم اتھارٹی کی ملکیت ہے جو ملازمین کو الاٹ کی گئی ہے۔ کارروائی کے دوران رہائشیوں سے جھڑپیں بھی ہوئیں تاہم ہم نے بغیر کسی رکاوٹ کے کارروائی مکمل کر کے زمین خالی کرالی ہے۔ دوسری جانب سیلاب متاثرہ رہائشیوں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ 2010ء کے سیلاب میں ہمارے گھر مکمل طور پر تباہ ہو گئے تھے، جس کے بعد سندھ حکومت نے ہمیں رزاق آباد میں موجود ٹینٹ سٹی میں بسایا تھا۔ حکومت کو چاہیے کہ ٹینٹ سٹی کی زمین سیلاب متاثرین کو دے کر انصاف کرے۔

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ جمعرات، 25 ستمبر، 2025ء

# نیب کا فراڈ کے متاثرین کو رقوم کی آن لائن منتقلی کا فیصلہ

اسلام آباد (رپورٹ / حیدر نسیم) نیب نے ڈیجیٹلائزیشن کی جانب ایک قدم بڑھاتے ہوئے فراڈ کے متاثرین کو آن لائن رقم کی منتقلی کا فیصلہ کیا ہے، قومی احتساب بیورو (باقی صفحہ 5۔ نمبر 12)

## 12 نیب

نے یہ فیصلہ متاثرین کو درپیش مشکلات کے پیش نظر کیا، نیب میں خصوصی تقریب چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے B4U فراڈ کے متاثرین کو براہ راست بازیاب شدہ رقم آن لائن منتقل کی۔ تقریب میں ڈپٹی چیئرمین، ڈائریکٹر جنرلز، نیشنل بینک آف پاکستان کی انتظامیہ اور دیگر سینئر نیب افسران نے شرکت کی۔ نیب نے فروری 2021 میں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) اور متاثرین کی شکایات کی بنیاد پر B4U فراڈ کی تحقیقات شروع کی تھیں جواب مکمل ہو چکی ہیں۔ تحقیقات کے بعد ملزمان نے 3.7 ارب روپے کی ذمہ داری تسلیم کی، جن میں سے ابتدائی طور پر 3.7 ارب روپے بازیاب کر کے متاثرین میں تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ باقی ماندہ رقم متاثرین میں وصولی کے بعد تقسیم کی جائے گی۔

....روزنامہ جرأت، جمعرات ، 25 ستمبر 2025

# سندھ بلڈنگ

# صدر ٹاؤن میں غیر قانونی بلند عمارتوں کی تعمیر، حکام ملوث

## ڈائریکٹر راشد ناریجو سمیت افسران کے گٹھ جوڑ کے سنگین الزامات، تعمیراتی قوانین پامال

## پلاٹ نمبر TL21/1 صدر میں بلند عمارت تعمیر، شہریوں کی سلامتی کو خطرہ، تحقیقات کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے تاریخی اور گنجان آباد علاقے صدر ٹاؤن میں غیر قانونی طور پر بلند عمارتیں تعمیر کرنے کا بڑا اسکینڈل سامنے آیا ہے جس میں ڈائریکٹر راشد ناریجو کی زیر قیادت اداروں کے افسران سے گٹھ جوڑ کرنے اور تعمیراتی قوانین کو مسلسل نظر انداز کرنے کے سنگین الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق صدر ٹاؤن (باقی صفحہ 7 نمبر 58)




بقیہ | سندھ بلڈنگ، صدر | 58

کے لیے مخصوص بلڈنگ قوانین کے تحت عمارتوں کی اونچائی اور فلور ایریا ریشو (FAR) پر واضح پابندیاں عائد ہیں، لیکن ڈائریکٹر راشد ناریجو کمپنی نے ان قوانین کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے منظور شدہ منصوبوں سے کہیں زیادہ بلند اور وسیع عمارتیں تعمیر کی چھوٹ دے رکھی ہے۔ مقامی رہائشیوں اور مبصرین کا دعویٰ ہے کہ یہ غیر قانونی تعمیراتی کام سرکاری افسران کی ملی بھگت کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ اطلاعات کے مطابق ناریجو کمپنی نے پلاٹ نمبر TL21/1 بلڈر سے متعلقہ محکموں کے افسران کو مالی مراعات فراہم کروا کے غیر قانونی تعمیراتی کاموں پر Approve کی مہریں لگوا لی ہیں۔ مقامی رہائشیوں نے اس عمل پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ غیر محفوظ عمارتیں نہ صرف زلزلے جیسے واقعات میں بڑے حادثات کا سبب بن سکتی ہیں، بلکہ پہلے ہی سڑکوں پر ٹریفک اور پارکنگ کے مسائل میں اضافہ کر رہی ہیں۔ اس معاملے پر متعلقہ بلدیاتی اداروں کے عہدیداروں کی طرف سے کوئی سرکاری بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ معاملہ اعلیٰ حکام کی نظر میں ہے اور جلد ہی اس کی تحقیقات کا آغاز متوقع ہے۔ شہریوں اور سماجی کارکنوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس اسکینڈل کی فوری طور پر شفاف تحقیقات کی جائیں اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے تمام افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہ واقعہ شہر کے تاریخی علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات کے بڑھتے ہوئے رجحان پر سوالیہ نشان ہے، جہاں ترقی کے نام پر قوانین اور عوامی سلامتی کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

روزنامہ جرأت، جمعرات ، 25 ستمبر 2025


سندھ بلڈنگ

# صدر ٹاؤن میں غیر قانونی بلند عمارتوں کی تعمیر، حکام ملوث

## ڈائریکٹر راشد ناریجو سمیت افسران کے گٹھ جوڑ کے سنگین الزامات، تعمیراتی قوانین پامال

## پلاٹ نمبر TL21/1 صدر میں بلند عمارت تعمیر، شہریوں کی سلامتی کو خطرہ، تحقیقات کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے تاریخی اور گنجان آباد علاقے صدر ٹاؤن میں غیر قانونی طور پر بلند عمارتیں تعمیر کرنے کا بڑا اسکینڈل سامنے آیا ہے جس میں ڈائریکٹر راشد ناریجو کی زیر قیادت اداروں کے افسران سے گٹھ جوڑ کرنے اور تعمیراتی قوانین کو مسلسل نظر انداز کرنے کے سنگین الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق صدر ٹاؤن (باقی صفحہ 7 نمبر 58)




بقیہ 58 سندھ بلڈنگ، صدر

کے لیے مخصوص بلڈنگ قوانین کے تحت عمارتوں کی اونچائی اور فلور ایریا ریشو (FAR) پر واضح پابندیاں عائد ہیں، لیکن ڈائریکٹر راشد ناریجو کمپنی نے ان قوانین کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے منظور شدہ منصوبوں سے کہیں زیادہ بلند اور وسیع عمارتیں تعمیر کی چھوٹ دے رکھی ہے۔ مقامی رہائشیوں اور مبصرین کا دعویٰ ہے کہ یہ غیر قانونی تعمیراتی کام سرکاری افسران کی ملی بھگت کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ اطلاعات کے مطابق ناریجو کمپنی نے پلاٹ نمبر TL21/1 بلڈر سے متعلقہ محکموں کے افسران کو مالی مراعات فراہم کروا کے غیر قانونی تعمیراتی کاموں پر Approve کی مہریں لگوا لی ہیں۔ مقامی رہائشیوں نے اس عمل پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ غیر محفوظ عمارتیں نہ صرف زلزلے جیسے واقعات میں بڑے حادثات کا سبب بن سکتی ہیں، بلکہ پہلے ہی سڑکوں پر ٹریفک اور پارکنگ کے مسائل میں اضافہ کر رہی ہیں۔ اس معاملے پر متعلقہ بلدیاتی اداروں کے عہدیداروں کی طرف سے کوئی سرکاری بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ معاملہ اعلیٰ حکام کی نظر میں ہے اور جلد ہی اس کی تحقیقات کا آغاز متوقع ہے۔ شہریوں اور سماجی کارکنوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس اسکینڈل کی فوری طور پر شفاف تحقیقات کی جائیں اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے تمام افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہ واقعہ شہر کے تاریخی علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات کے بڑھتے ہوئے رجحان پر سوالیہ نشان ہے، جہاں ترقی کے نام پر قوانین اور عوامی سلامتی کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

روزنامہ دنیا کراچی، جمعرات 25 ستمبر 2025ء

# نئی ہاؤسنگ فنانس اسکیم میرا گھر میرا آشیانہ متعارف

## پہلی بار گھر خریدنے والے شہری آسان شرائط پر قرض حاصل کرسکیں گے

### قرض کی مالیت 35 لاکھ، مدت 20 سال تک مقرر کی گئی ہے، اسٹیٹ بینک

کراچی (بزنس رپورٹر) حکومتِ پاکستان نے کم آمدنی اور متوسط طبقے کیلئے گھر کے خواب کو حقیقت بنانے کی غرض سے نئی ہاؤسنگ فنانس اسکیم میرا گھر میرا آشیانہ نام سے اسکیم متعارف کرادی ہے۔ اس اسکیم کے تحت پہلی بار گھر خریدنے والے شہری مکان، فلیٹ یا پلاٹ کی خریداری اور تعمیر کے لئے آسان شرائط پر قرض حاصل کرسکیں گے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق قرض کی مالیت 20 لاکھ روپے سے 35 لاکھ روپے تک ہوگی جبکہ قرض کی مدت زیادہ سے زیادہ 20 سال تک مقرر کی گئی ہے تاہم قرض پر حکومتی سبسڈی 10 سال تک فراہم کی جائے گی۔ سرکلر میں کہا گیا کہ اس سہولت کی فراہمی تمام کمرشل بینکوں، اسلامی بینکوں، مائیکروفنانس بینکوں اور ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کے ذریعے ممکن ہوگی۔ قرض کی پرائسنگ ایک سالہ کائی بور پلس 3 فیصد پر کی جائے گی۔ صارفین کیلئے مقررہ شرحِ سود ٹائر ون پر 5 فیصد جبکہ ٹائر ٹو پر 8 فیصد رکھی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق قرض کے حصول کیلئے صارفین پر کوئی پروسیسنگ فیس عائد نہیں کی جائے گی اور نہ ہی قبل از وقت ادائیگی پر کوئی جرمانہ ہوگا۔ اسکیم سے استفادہ کرنے والے صرف وہ شہری ہوں گے جو پہلی مرتبہ اپنا ذاتی گھر خرید رہے ہیں اور جن کے نام پر پہلے سے کوئی رہائشی یونٹ رجسٹرڈ نہیں ہے۔ ماہرین معاشیات کے مطابق یہ اسکیم کم آمدنی والے طبقے کو رہائشی سہولت فراہم کرنے اور ملک میں تعمیراتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مثبت کردار ادا کرے گی۔